دونوں کتابوں کے ٹائیٹل بڑے جاذب نظر ہیں اور ان کی طباعت میں بڑے اہتمام سے کام لیا گیا ہے جن کے باعث یہ کتابیں بڑی صوری خوبیوں کی حامل ہوگئی ہیں۔

اتنی توجہ سے طبع ہونے والی ان دونوں کتابوں میں ہمیں عربی متن کی چند غلطیاں نظر آتی ہیں جن کا درست کرنا ضروری ہے۔ اگلے ایڈیشن میں انہیں درست کر دینا چاہیے۔

بچوں کے لیے قرآن میں:-

صفحہ ۵۲ پر لفظ المسلم میں لَ پر ایک الف زائد لکھا گیا ہے۔

صفحہ ۶۹ پر لفظ کانوا میں الف کتابت میں رہ گیا ہے۔

صفحہ ۹۲ پر لفظ محسنون میں ح پہ ایک غلط نقطہ لگ گیا ہے۔

صفحہ ۱۲۵ پر لفظ سوءً میں ایک الف زائد درج ہوگیا ہے۔

اور صفحہ ۱۵۶ پر لفظ اخطانا میں الف پہ جزم نہیں لکھا گیا۔

اسی طرح بچوں کے لیے حدیث میں بھی چند اغلاط موجود ہیں۔

صفحہ ۴۲ پر یُقَبِّلَهٗ میں لَ مضموم چاہیے۔

صفحہ ۴۳ پر تصافحوا میں الف کتابت میں رہ گیا ہے۔

صفحہ ۵۶ پر یَبْتَدِعُ میں دَ پر حرکت درج نہیں ہوسکی۔

صفحہ ۶۱ پر سرائی میں چھوٹا الف سَ پہ نہیں الف پر چاہیے۔

بچوں کے لیے قرآن ۱۶۰ صفحات کی کتاب ہے۔ بچوں کے لیے حدیث ۱۵۲ صفحات کی۔ ہر کتاب کی قیمت ساڑھے پانچ روپے ہے جو زیادہ ہے۔ ہمارے خیال میں تعمیر سیرت کے سلسلے میں یہ دونوں کتابیں بہت مفید رہیں گی لہٰذا ان کی اشاعت خوب ہونی چاہیے۔

کلامِ حکیم | مرتبہ: ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی۔

ناشر:- ادارہ ثقافت اسلامیہ۔ لاہور

یہ کتاب ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم مرحوم کی شعری تخلیقات کا منتخب مجموعہ ہے جسے یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور کے شعبۂ اردو کے استاد ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی صاحب نے ترتیب دیا اور جون ۷۳ء